© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : ششماہی ’’التفسیر‘‘ کراچی (شمارہ جنوری تا جون ۲۰۱۴ء)

مدیر اعلیٰ : پروفیسر ڈاکٹر محمد شکیل اوج

ضخامت : 450 (اردو) + 17 (انگریزی) صفحات‘ قیمت: 700 روپے

ملنے کا پتا : پی او بکس 8413‘ جامعہ کراچی‘ کراچی 75270

’’التفسیر‘‘ جامعہ کراچی کا ششماہی مجلّہ ہے جو ہائر ایجوکیشن کمیشن سے منظور شدہ ہے۔ اس کی قومی مجلس مشاورت میں ڈاکٹر خالد مسعود (جج شریعیہ اپیلیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان)‘ جسٹس ایس اے ربانی (سابق جج وفاقی شرعی عدالت اسلام آباد) کے علاوہ جامعہ کراچی کے متعدد پروفیسر صاحبان شامل ہیں۔ اس کی بین الاقوامی مجلس مشاورت میں جنوبی افریقہ‘ امریکہ‘ ترکی اور انڈیا کے معروف اہل علم شامل ہیں۔

زیر تبصرہ شمارہ ’’التفسیر‘‘ کی خصوصی اشاعت ہے جس میں پاک و ہند کے مشاہیر مفسّرین کے مختصر حالات اور ان کی تفاسیر کا جامع تعارف کرایا گیا ہے۔ ہر تفسیر کی نمایاں خصوصیات کا ذکر کیا گیا ہے۔ جن شخصیات کے تفسیری کام کا جائزہ لیا گیا ہے ان میں قاضی ثناء اللہ پانی پتی‘ مولانا عبدالحق حقانی‘ مولانا احمد رضا خان بریلوی‘ مولانا شبیر احمد عثمانی‘ ابوالکلام آزاد‘ مولانا مفتی احمد یار خان نعیمی‘ مولانا محمد ادریس کاندھلوی‘ مفتی محمد شفیع‘ مولانا ابوالاعلیٰ مودودی‘ پیر محمد کرم علی شاہ اور علامہ غلام رسول سعیدی ﷫ شامل ہیں۔ ڈاکٹر محمد طاہر القادری اور جماعت احمدیہ کے ماننے والے افراد کی تفسیری توضیحات کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ یہ توضیحات راسخ العلم علماء کے نزدیک صائب نہیں ہیں۔ مضمون نگار نے ڈاکٹر طاہر القادری کے چند تفردات کا بھی ذکر کیا ہے۔ مثلاً عیسائی مسلمانوں کی مسجد میں عبادت کر سکتے ہیں اور کرسمس منا سکتے ہیں وغیرہ۔ انگریزی صفحات میں عصر حاضر کے معروف عالمِ دین مفتی محمد تقی عثمانی کا ذکر ہے۔ اُن کی اردو اور انگریزی میں تفاسیر قابل قدر ہیں۔ زیر تبصرہ مجلّہ کے مفسّرین میں علامہ مفتی تقی عثمانی اور ڈاکٹر طاہر القادری بقید حیات ہیں۔

یہ مجلّہ تفسیری معلومات کے حوالہ سے ایک جامع دستاویز ہے جو اساتذہ کے علاوہ تحقیق سے دلچسپی رکھنے والے اہلِ علم کے لیے تشفی بخش مواد کا حامل ہے۔



© rasailojaraid.com